بسم اللہ الرحمن الرحیم

Federal Shariat Court

Islamabad 07/دسمبر 2019ء

پریس/ میڈیا ریلیز

اسلام آباد -- جسٹس علامہ ڈاکٹر فدا محمد خان کی رحلت کے پُرسوز موقع پر وفاقی شرعی عدالت کے چیف جسٹس جناب جسٹس محمد نور مسکانزئی کی زیرِ صدارت فل کورٹ تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں مرحوم جسٹس علامہ ڈاکٹر فدا محمد خان کے لواحقین کے علاوہ سپریم کورٹ آف پاکستان کے سابق چیف جسٹس جناب جسٹس (ر) انور ظہیر جمالی، وفاقی شرعی عدالت کے سابق چیف جسٹس صاحبان جناب جسٹس (ر) چوہدری اعجاز یوسف، جناب جسٹس (ر) ریاض احمد خان، سندھ ہائی کورٹ کی جسٹس (ر) بیگم اشرف جہاں، وفاقی شرعی عدالت کے معزز ججز صاحبان جناب جسٹس سید محمد فاروق شاہ، جناب جسٹس شوکت علی رخشانی، ڈپٹی اٹارنی جنرل آف پاکستان چوہدری اشتیاق مہربان اور وفاقی شرعی عدالت کے افسران وملازمین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ عزت مآب جناب چیف جسٹس، وفاقی شرعی عدالت نے اپنے خطاب میں علامہ جسٹس ڈاکٹر فدا محمد خان مرحوم کی زندگی، کردار، شخصیت اور پاکستان میں رائج قوانین کو اسلامی سانچے میں ڈھالنے کے حوالے سے خدمات پر روشنی ڈالی۔ جسٹس علامہ ڈاکٹر فدا محمد خان نے عرصہ قریباً 60 سال سے زائد تک ملک کی خدمات سرانجام دیں جن میں سے عرصہ تقریباً 31 سال تک وفاقی شرعی عدالت اور سپریم کورٹ آف پاکستان میں بحیثیت عالم جج کے خدمات بھی شامل ہیں۔ فل کورٹ تعزیتی ریفرنس سے سپریم کورٹ آف پاکستان کے سابق چیف جسٹس جناب جسٹس (ر) انور ظہیر جمالی، وفاقی شرعی عدالت کے سابق چیف جسٹس صاحبان جناب جسٹس چوہدری (ر) اعجاز یوسف، جناب جسٹس (ر) ریاض احمد خان، سندھ ہائی کورٹ کی جسٹس (ر) بیگم اشرف جہاں، وفاقی شرعی عدالت کے معزز ججز صاحبان جناب جسٹس سید محمد فاروق شاہ، جناب جسٹس شوکت علی رخشانی، ڈپٹی اٹارنی جنرل آف پاکستان چوہدری اشتیاق مہربان اور جسٹس علامہ ڈاکٹر فدا محمد خان کی صاحبزادی محترمہ فاطمہ فریدہ لطیف صاحبہ نے بھی خطاب کیا اور علامہ ڈاکٹر فدا محمد خان مرحوم کی زندگی، کردار، شخصیت اور کیریئر کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی اور مرحوم کو شاندار الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کیا۔ وفاقی شرعی عدالت کے رجسٹرار جناب عرفان احمد سعید صاحب نے وفاقی شرعی عدالت کے سابق چیف جسٹس جناب جسٹس (ر) حاذق الخیری صاحب کا تعزیتی پیغام بھی پڑھ کر سنایا۔

(عرفان احمد سعید)

رجسٹرار